PAPER CODE NUMBER:8023

2015 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II (کلاس بارہویں)

اردو (لازمی) پرچہ ۔ دوسرا　　　وقت = 20 منٹ

گروپ ۔ پہلا　　　**حصہ معروضی**　　　کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) قرطبہ کے قاضی کا نام _____ تھا۔　(A) یحیٰی بن ہشام　(B) یحیٰی بن منصور　(C) ابن منصور　(D) منصور بن یحیٰی

(2) سبق " ایوب عباسی " _____ کتاب سے لیا گیا ہے۔　(A) مردم دیدہ　(B) گنج ہائے گراں مایہ　(C) حیاتِ جاوید　(D) چند ہم عصر

(3) " اسبابِ بغاوتِ ہند " _____ کی تصنیف ہے۔　(A) سرسید احمد خاں　(B) نذیر احمد　(C) شبلی　(D) حالی

(4) سبق " دستک " کا تعلق _____ کی صنف سے ہے۔　(A) ڈراما　(B) افسانہ　(C) ناول　(D) داستان

(5) " اکبری کی حماقتیں " _____ کی تحریر ہے۔　(A) مرزا ادیب　(B) مولوی عبدالحق　(C) مولوی نذیر احمد　(D) حالی

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(6) محنت ہی ہے _____ آدمی کو آگے لے جاتی ہے۔　(A) اور　(B) تو　(C) جو　(D) کہ

(7) سبھی آئے _____ وہ نہ آیا۔　(A) مگر　(B) البتہ　(C) اگرچہ　(D) بلکہ

(8) اخبار چھپ _____ ہے۔　(A) گیا　(B) گئی　(C) گئے　(D) گئیں

(9) یہ گھوڑا گاڑی کس _____ ہے۔　(A) کا　(B) کی　(C) کے　(D) کیں

(10) اس کا مال اسباب، جاگیر، گھربار سب بک _____　(A) گئی　(B) گیا　(C) گئیں　(D) گئے

رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔

(11) ورزش کے فوائد درج ذیل ہیں　کے بعد علامت _____ استعمال ہوگی۔　(A) ،　(B) :-　(C) :　(D) ؛

(12) وقفہ کی تعریف ہے۔　(A) مختصر ٹھہراؤ　(B) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ　(C) مکمل ٹھہراؤ　(D) تفصیل بیان کرنا

(13) عبارت میں سب سے کم ٹھہراؤ ظاہر کرنے کی علامت ہے۔　(A) سکتہ　(B) وقفہ　(C) رابطہ　(D) سوالیہ

(14) جملے کے اختتام پر _____ کی علامت لگائی جاتی ہے۔　(A) سکتہ　(B) وقفہ　(C) رابطہ　(D) ختمہ

(15) یہ سچ ہے _____ لالچ بری بلا ہے۔　(A) :　(B) :-　(C) ؟　(D) ۔

امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔

(16) رکھنا:　(A) قلم کہاں رکھا ہے؟　(B) میز پر کتاب رکھی ہے۔　(C) تم میری باتیں یاد رکھنا۔　(D) اس نے زبردستی مجھے بٹھا رکھا ہے۔

(17) سکنا:　(A) سدرہ عید کا چاند دیکھ سکتی ہے۔　(B) وہ سیکھ لیتا ہے۔　(C) اُس نے سب کچھ سیکھا۔　(D) تم انگریزی سیکھتے تھے۔

(18) آنا:　(A) وہ کالج آیا۔　(B) وہ کتابیں لایا ہے۔　(C) کتاب دے آؤ۔　(D) سکول سے جلدی آنا۔

(19) ڈالنا:　(A) اس نے سانپ مار ڈالا۔　(B) گلاس میں پانی ڈالو۔　(C) اس نے کام کا ڈول ڈالا۔　(D) گلے میں ہار ڈالو۔

(20) دینا:　(A) اس نے مجھے قلم دیا۔　(B) اس نے امتحان دیا۔　(C) بچے نے کھلونا توڑ دیا۔　(D) مجھے پانی دو۔